# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اردو)

| وارننگ |
|---|
| عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ<br>1۔ اپنی امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں۔ خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔<br>2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔ |

| مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ | | | |
|---|---|---|---|
| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
| مشق نمبر 1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2027 | مشق نمبر 1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2027 | مشق نمبر 2 | 20-02-2027 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل کا شیڈول (رہنمائے طلبہ) AIOU کی ویب سائٹ http://www.aiou.edu.pk پر دستیاب ہو گا۔ | | | |

**کورس: روزمرّہ اردو (URDU 102)** **سمسٹر: خزاں، 2026**

**سطح: میٹرک**

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے**

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:40**

## امتحانی مشق نمبر1

سوال1 : اماں جان (ڈراما) کے پہلے منظر میں جب شیدا اماں کی عیادت کے لیے پھل لاتی ہے اور اماں اس کے رویے پر تنقید کرتی ہے، تو اس سے خاندانی رشتوں اور دکھاوے کی عیادت کے کون سے پہلو سامنے آتے ہیں؟ اس کا تفصیلی جائزہ لیں۔ (20)

سوال2 : نصاب میں شامل دونوں لوک کہانیوں (مہمان کی عزت اور خون کا بدلہ) کا مطالعہ کریں کہ کس طرح مشکل ترین حالات میں بھی مہمان نوازی اور قول کی پاسداری کو مقدم رکھا گیا ہے۔ (20)

سوال3: سندھی لوک کہانی "عمر ماروی" میں ماروی کا اپنے وطن کی مٹی سے محبت کرنا اور راجا عمر کے محل کی تمام شاہانہ آسائشوں کو ٹھکرا دینا حب الوطنی کے جذبے کو کیسے ظاہر کرتا ہے؟ اس کا تفصیلی جائزہ لیں۔ (20)

سوال4: پنجابی لوک کہانی ''غریب کسان'' میں غریب کسانوں کی محنت اور مشکلات سے ہمیں دیہی زندگی کی کون سی سچائیاں پتہ چلتی ہیں؟ اس کا مطالعہ کریں۔ (20)

سوال5: کتاب میں درج شادی کے مختلف مراحل (جیسے نسبت ٹھہرانا، منگنی، مائیوں، مہندی، نکاح اور ولیمہ) اور صوبائی رسم و رواج کے تنوع کا اس تناظر میں جائزہ لیں کہ یہ تمام رسومات کس طرح مشترکہ تہذیبی اقدار کو جوڑتی ہیں۔ (20)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:40**

## امتحانی مشق نمبر2

سوال1: نصاب میں بیان کردہ پنجابی، سندھی، پشتو اور بلوچی زبانوں کی تاریخی قدامت اور موئن جو دڑو، ہڑپہ اور گندھارا تہذیب کے جو حوالے دیے گئے ہیں، ان کی روشنی میں ان زبانوں کے ارتقائی پس منظر کا مطالعہ کریں۔ (20)

سوال2: نصاب میں درج اصنافِ ادب (ناول، نظم، غزل، افسانہ، ڈراما اور سفر نامہ) کے بنیادی تعارف کی روشنی میں تجزیہ کریں کہ ہر صنف انسانی تجربے کو الگ اسلوب میں کیسے ڈھالتی ہے۔ (20)

سوال3: ''ابتدائی سائنس اور کیلے کا چھلکا'' کے تناظر میں تجزیہ کریں کہ محض تفریح کے برعکس اچھے طنز میں معاشرتی اصلاح کا پہلو کیوں پوشیدہ ہوتا ہے۔ (20)

سوال4: علامہ اقبال کی نظم 'پرندے کی فریاد' کے فکری و جمالیاتی پہلوؤں کا جائزہ لیں کہ فطرت اور انسانی داخلی جذبے کا کیا تعلق ہے۔ (20)

سوال5: کتاب میں شامل قومی نغموں کے تناظر میں جواب دیں کہ نغموں میں 'دھرتی' اور 'پرچم' جیسے الفاظ کا

استعمال کیوں کیا جاتا ہے؟ تفصیلی جائزہ لیں۔ (20)